پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

03/02/2022

چھاپہ ماری میں نقلی کووڈ-19 کی ویکسین، جانچ کٹ وغیرہ اشیا بنانے والے گینگ کے 5افراد کو گرفتار کیا گیا

لکھنؤ:03رفروری2022

ادویات لائسنس اور کنٹرول افسر اتر پردیش جناب اے کے جین نے بتایا کہ وارانسی میں ادویہ کیڈر کے افسر اسسٹنٹ کمشنر تغذیہ اور تغذیہ معائنہ نیز اتر پردیش ایس ٹی ایف کے ذریعہ 2رفروری 2022 کو مشترکہ طور پر چھاپہ ماری کی کاررائی کی گئی ، جس میں کافی مقدار میں کووڈ-19 ویکسین ، ریمیڈ یسویر اینڈ ٹیسنگ کٹ کو بنا کسی قانونی بنانے والے لائسنس کے بنانے اور فروخت کیا جانا پایا گیا۔ موقع پر گرفتار کیے گئے جناب راکیش تھاونی ، جناب لکش جاوا، جناب سندیپ شرما ، جناب اروبیش وشوکرما اور جناب سمشیر سنگھ کے خلاف آئی پی سی کی دفعہ 274,275,276,419,420,467,468,471 پینڈمک ایکٹ کی دفعہ -3،کاپی رائٹ کی دفعہ -68اور ٹریڈ مارک کی دفعہ 102,103,104 کے تحت ایف آئی آر درج کی گئی اور پانچوافراد کو گرفتار کرتے ہوئے قانونی کارروائی کی گئی۔ پکڑی گئی4 کروڑ روپئے قیمت کی نقلی اشیا کو ضابطہ کے تحت ضبط کیا گیا۔

☆☆☆☆☆